# جون 2021

1جون۔ منگل مقدس جسٹن شہید

طوبیاہ 2:9–14 زبور 111 مرقس 12:13–17

## مرکزی آیت: جو قیصر کا ہے قیصر کو اور جو خدا کا ہے خدا کو ادا کرو۔ مرقس 12:17

وہ مسیحی جس کے دل میں ثو رہتا ہے۔ یسوع جانتا ہے کہ اس دنیا میں حکمت کے ساتھ کس طرح رہنا ہے۔ درحقیقت جب تو اِس زمین پر چلتا تھا تو تُو روشنی اور محبت سے ہر مسئلے کو حل اور پریشانی کو دور کرنے کا طریقہ جانتا تھا۔ یہ کافی ہے کہ ہم عاجزی کے ساتھ دعا میں اور کبھی کبھی الٰہی اور روحانی باپ سے مدد کے طلب گار رہیں۔

2 جون بدھ مقدس مارسلینیس اور مقدس پطرس شہداء

طوبیاہ 3:1–11، 16–17 زبور 24 مرقس 12:18–27

## مرکزی آیت: میں ابراہیم کا خدا ہوں۔ مرقس 12:26

یسوع صدوقیوں کو دکھا رہا ہے کہ مردوں کی قیامت سے انکار کر کے وہ شدید گمراہی میں ہیں۔ وہ ان الفاظ کو یاد کرتا ہے جو جھاڑی میں سے موسیٰ نے سُنے تھے۔"میں ابراہیم کا خدا ہوں"...اور مزید کہتا ہے:"وہ مردوں کا نہیں، بلکہ زندوں کا خدا ہے۔" اے یسوع میں بھی تجھے قبول کرتے ہوئے باپ سے تعلق رکھنے کا انتخاب کرتا ہوں اور تیرے کلام کے مطابق زندگی گزارنے کی کوشش کرتا ہوں کیونکہ تو میرا خدا اور میری زندگی ہے۔

3جون۔ جمعرات مقدس چارلس لوانگا اور ساتھی شہداء

طوبیاہ 6:10-11،7:1-9،17;8،4-9 زبور 127 مرقس 12:28–34

## مرکزی آیت: تو اپنے ہمسائے کو اپنی مانند پیار کر مرقس 12:31

جب یسوع سے ایک عالمِ فقہ سوال کرتا ہے کہ پہلا حکم کیا ہے تو یسوع کامل یقین کے ساتھ بہت سے احکامات میں سے جو باپ کی حکمت کی بجائے انسانی غرور کے تحت وجود میں آئے نشاندہی کرتا ہے کہ خُدا اور پڑوسی سے مُحبت کرنا ہی سب کُچھ ہے۔ اے یسوع، پڑوسی سے مُحبت کرنے میں میری راہنمائی کر اس طرح میں زندگی دینے کے حیرت انگیز کام میں تیرے ساتھ متحد رہوں گا! یہ تیرا حکم ہے۔

4جون۔ جمعہ

طوبیاہ 11:5–17 زبور 145 مرقس 12:35–37

## مرکزی آیت: فقیہہ کیونکر کہتے ہیں کہ المسیح داؤد کا بیٹا ہے؟ مرقس 12:35

آج ہم انجیل مقدس میں سنتے ہیں کہ کیسے خداوند یسوع مسیح کلام مقدس کی مشکل آیت کو بیان کرتے ہیں۔ جبکہ بڑی تعداد میں لوگ خوشی سے اُسکی سنتے ہیں۔ جب فادر صاحب کلام مقدس میں سے بیان اور تشریح کرتا ہے تو میں خوش ہوتا اور حیران رہ جاتا ہوں۔ میں شکرگزار ہوں کہ روح القدس آج کلیسیاء میں موجود ہے جیسے کہ یسوع ناصرت میں تھا۔

5جون۔ ہفتہ مقدس بونیفس

طوبیاہ 12:1،5–15–20 زبور 13 (طوبیاہ کا گیت) 2–7،8 مرقس 12:38–44

## مرکزی آیت: فقیہوں سے خبردار رہو۔ مرقس 12:38

فقیہہ عوام میں بااِختیار، شریعت کے عالم، معزز اور قابلِ احترام لوگ تھے۔ تاہم یسوع مسیح نے انہیں پسند نہیں کیا. ان کی دعا "مزاح" تھی، جو باپ کے دل کو نہیں چھوتی تھی۔ اے یسوع، میں ویسے ہی دعا کرنا چاہتا ہوں جیسے تو دعا کرتا تھا۔ یسوع محبوب بیٹے نے ہمیشہ باپ کی طرف رجوع کیا۔ اور ہمیشہ اسکی مرضی کو پورا کیا۔ اے روح القدس آ۔

**6 جون اتوار یسوع کے پاک بدن اور خون کی عید۔**

**خروج 24:3-8 زبور 115 عبرانیوں 9:11-15 مرقس 14:12-16، 22-26**

### مرکزی آیت: لو، یہ میرا بدن ہے۔ مرقس 14:22

اے یسوع تو ہر روز پاک ماس کی قربانی میں پاک یوخرست کے ذریعے اپنا آپ ہمیں دیتا ہے۔ تو اپنے بدن اور خون کے ساتھ ہمارے دلوں میں سکونت کرتا ہے جس سے ہم سیر ہوتے اور اپنے بھائیوں کے لئے زندگی کا پانی حاصل کرتے ہیں۔ ہمارے لئے اِس تحفے کی جو قیمت تو نے ادا کی ہم اُس سے بخوبی واقف ہیں۔ عطا کر کہ آج کی یہ عید تیری مُحبت اور تیری اِس قربانی کے لئے ہماری طرف سے شکرگزاری کا ایک ترانہ ہو۔

**7 جون سوموار**

**2 قرنتیوں 1:1-7 زبور 33 متی 5:1-12**

### مرکزی آیت: مبارک ہیں وہ جو رحم دل ہیں کیونکہ ان پر رحم کیا جائے گا۔ متی 5:7

اے مہربان باپ، میں تیرا شکر کرتا ہوں اُس بھائی کے لئے جسے تو ہر روز میرے ہمراہ رکھتا ہے۔ جب میں اپنا دِل اُس کے لئے کھولنے، اُسے جاننے اور خاموشی میں اُس کا بوجھ اپنے اوپر اُٹھانے کے قابل ہوتا ہوں تو میں خُود بھی اپنی تکلیف سے سکون حاصل کرتا ہوں۔ تب تُو جو کہ صرف مُحبت سے لُطف اُٹھاتا ہے، میرے قریب آتا ہے اور میں جیسے جنت کی ہوا میں سانس لینے لگتا ہوں۔

**8 جون منگل**

**2 قرنتیوں 1:18-22 زبور 118 متی 5:13-16**

### مرکزی آیت: تم زمین کا نمک ہو۔ متی 5:13

میں ایک ایسی عورت کو جانتا ہوں جسے یسوع نے بڑی گرم جوشی سے خُود سے ملاقات کرنے کا شرف بخشا۔ اس کے اہلِ خانہ، رشتہ داروں یا قریبی محلے داروں میں سے کسی کو یہ فضل نہ بخشا گیا تھا۔ لیکن وہ، اپنے ایماندار بھائیوں کی مدد سے، اکیلی اُن سب کے درمیان یسوع کی خُوشبو اور اس کی مُحبت کی لذت بانٹ پائی، وہ مُحبت جس سے اب سب لُطف اندوز ہو رہے ہیں۔

**9 جون بدھ شام کا مقدس افرائیم**

**2 قرنتیوں 3:4-11 زبور 98 متی 5:17-19**

### مرکزی آیت: کیونکہ حرف مار ڈالتا ہے مگر روح زندہ کرتی ہے۔ 2 قرنتیوں 3:6

روح القدس ہمیں یسوع میں باپ کے ساتھ پیار و محبت کا رشتہ فراہم کرتا ہے۔ یہاں تک کہ یہ نام ہی اس بات کی عکاسی کرتا ہے کہ محبت صرف باپ کی طرف سے ہی ہمارے درمیان آتی ہے۔ اور اس کا ہر اشارہ، نشان، یا علامت ہماری بھلائی کے لیے ہے۔ اسی وجہ سے ہم قوانین، عقائد، اصول وضوابط پر غور نہیں کرتے۔ اور نہ ہی ہم مذہبی اور غیر مذہبی قوانین پر غور کرتے ہیں۔ بلکہ ہم ہمیشہ دل میں روح القدس کو قائم رکھنے کی کوشش کرتے ہیں۔

**10 جون۔ جمعرات**

**2 قرنتیوں 3:15۔4:1،3۔6 زبور 84 متی 5:20-26**

### مرکزی آیت: لیکن جب یہ خداوند کی طرف رجوع لاتا ہے تو نقاب اٹھایا جاتا ہے۔ 2 قرنتیوں 3 :16

یہ وہ اقرار ہے جو پولوس اپنے یہودی بھائیوں سے کرتا ہے۔ اس نے یہ تجربہ صرف اس وقت کیا جب اُس نے یسوع مسیح کو اپنی زندگی میں داخل ہونے دیا تو کلام مقدس اس کیلئے سچائی اور زندگی کا سر چشمہ بن گیا۔ میں بھی صرف جب یسوع کے ساتھ متحد رہتا اور اس کے کلام کے مطابق زندگی گزارتا ہوں تو سچائی سے واقف ہوتا ہوں، جو کہ خدا باپ کی محبت ہے۔ صرف یسوع، ہمارا نجات دہندہ، ہمیں روح القدس بخش سکتا ہے جو کہ حقیقی زندگی ہے۔

**11 جون۔ جمعہ یسوع کے اقدس دل کی عید**

**ہوشیع 11: 1،3-4،8-9 زبور (اشعیا) 12: 2-6 افسیوں 3: 8-12،14-19 یوحنا 19: 31-37**

**مرکزی آیت: وہ اس پر نظر کریں گے جسے انہوں نے چھیدا ہے۔ یوحنا 19: 37**

وہ بچہ جس نے لاڈ میں اپنے چھوٹے چھوٹے ہاتھوں سے اپنی ماں کا سینہ پیٹا ہو، اس کے فوراً بعد، اپنی غُربت اور ضرورت میں، اگر وہ اپنی ماں کی طرف نہیں تو پھر کِس کی طرف رجوع کر سکتا ہے؟ اِسی طرح اے یسوع ہم نے اپنی نافرمانی سے تُجھے دُکھ دیا اور ہم غم میں گرے پڑے ہیں تو اب ہم اگر تیری نہیں تو کِس کی طرف رجوع کریں؟ اے یسوع تیرا شُکر ہو کیونکہ تُو ہی ہے جو ہمیں پیار کرتا ہے۔

**12 جون۔ ہفتہ مقدسہ کنواری مریم کا بے داغ دل**

**2 قرنتیوں 5: 14-21 زبور 102 متی 5: 33-37**

**مرکزی آیت: مگر تمہارا کلام ہاں۔ہاں ہی ہو۔تمہاری نہیں۔نہیں۔ متی 5: 37**

یسوع تو چاہتا ہے کہ تیرا شاگرد حق اور سچائی کا پرچار کرے اور وہ ہمیشہ تیری نگاہوں میں ہر دل عزیز ہو۔تو چاہتا ہے کہ یہ منفرد اور خاص ہو۔وہ ایک بیٹا ہے۔جو باپ اور اُس کے نام کی عبادت اور تمجید کرتا ہے۔وہ اُس کے سامنے چھوٹا ہے اور آزادنہ طور پر اس کی محبت کا دفاع کرتے ہوئے خوش ہے۔

**13 جون اتوار پادوا کا مقدس انتھونی**

**حزقیال 17: 22-24 زبور 91 2 قرنتیوں 6: 5-10 مرقس 4: 26-34**

**مرکزی آیت: خدا کی بادشاہی ایسی ہے جیسے کوئی آدمی زمین میں بیج ڈالے۔۔۔ مرقس 4: 26**

’’۔۔۔وہ (بیج بونے والا) سوئے یا جاگے، رات ہو یا دِن، بیج اُگتا ہے اور بڑھتا ہے‘‘۔اے یسوع تُو ہمیشہ ہم سے بادشاہی کے بارے میں بات کرتا ہے۔لیکن بادشاہی کیا ہے؟ ہم جانتے ہیں کہ تو بادشاہوں کا بادشاہ ہے۔لہٰذا خُدا کی بادشاہت ہم ہیں جو تُجھے سُنتے اور تیری اطاعت کرتے ہیں۔ہم چھوٹے اور تھوڑے ہیں لیکن تیری مُحبت ہر طرف سے ہمیں گھیرے ہوئے ہے۔ اور خدا کی بادشاہت روح القدس کی قوت اور اُس کے فضل سے پھلتی پھولتی ہے نہ کہ انسانی تدابیر کی بدولت۔

**14 جون سوموار**

**2 قرنتیوں 6: 1-10 زبور 97 متی 5: 38-42**

**مرکزی آیت: جو کوئی تجھ سے کچھ مانگے اُسے دے۔ متی 5: 42**

باپ جو یسوع کے شاگردوں میں زندہ ہے اجازت نہیں دیتا کہ ہم اُن کے لئے جو ہم سے کُچھ مانگیں اپنی آنکھیں، ہاتھ اور دِل کو بند کریں۔ہم جو دوسروں کو دیں گے شائد ہمیشہ وہ نہیں ہو گا جس کی انہیں طلب ہے۔لیکن روح القدس جو دُعا اور کلیسیاء میں ہماری زندگی کی بدولت ہم میں آتا ہے، ہمیں بخشے گا کہ ہم ہمیشہ آسمانی باپ کی مُحبت کو دوسروں میں بانٹ سکیں۔

**15 جون منگل**

**2 قرنتیوں 8: 1-9 زبور 145 متی 5: 43-48**

**مرکزی آیت: اپنے دشمنوں کو پیار کرو۔ متی 5: 44**

حقیقت میں وہ کوئی دشمن نہیں تھا جس کا اس دعائیہ مجلس میں مجھے سامنا کرنا پڑا۔وہ صرف ایک شخص تھا، جس کا بولنے اور کرنے کا انداز مجھے ناپسندیدہ تھا۔میں نے اپنے جذبات اور کمزوری پر قابو پایا اور سکون سے اپنے بھائی کی خامی کا سامنا کیا۔اور یسوع کو سب کچھ سونپتے ہوئے اپنے بھائی کی روش کو قبول کیا۔اس طرح مجھے سکون ملا اور میں نے آج کے کلام پر عمل کرنے کا تجربہ کیا۔

**16 جون          بدھ**

**2 قرنتھیوں 9:6–11     زبور 111     متی 6:1–6, 16–18**

**مرکزی آیت: ہر ایک جس طرح اس نے اپنے دل میں ٹھہرایا ہے اسی طرح دے۔   2 قرنتھیوں 9:7**

اے یسوع! میرا دل بہت چھوٹا ہے لیکن تو اپنے روح القدس سے اسے پھر سے بھر سکتا ہے تب میں ہمت کروں گا، میں مضبوط، عاجز اور فراخ دل ہو جاوں گا، جس سے میں اپنے آسمانی باپ کو جلال دوں گا!

**17 جون          جمعرات**

**2 قرنتھیوں 11:1–11     زبور 110     مقدس متی 6:7–15**

**مرکزی آیت: اور ہمیں آزمائش میں نہ پڑنے دے۔   متی 6:13**

اے باپ، ہم جانتے ہیں کہ تو ہمیں نہیں چھوڑتا۔ اس لیے ہم تجھ سے یہ مانگنے کی جرأت کرتے ہیں۔ کبھی کبھار ہم پر آزمائش آتی ہے کہ ہم حوصلہ ہار جائیں اور تیرے بارے میں برا سوچیں۔ لیکن تو ہمیشہ باپ ہی ہے، تجھ سے محبت اور بھلائی کے علاوہ کچھ نہیں آ سکتا۔

**18 جون          جمعہ**

**2 قرنتھیوں 11:18، 21–30     زبور 33     متی 6:19–23**

**مرکزی آیت: اپنے لئے آسمان پر خزانہ جمع کر۔   متی 6:20**

ے یسوع، ہم تیرے شُکر گزار ہیں کہ تُو نے آسمان میں ہمارے لئے ایک گھر تیار کِیا۔ ہم اپنے خزانے زمین پر نہیں، جِسے آج نہیں تو کل ہم چھوڑ دیں گے، بلکہ آسمان پر جمع کرنا چاہتے ہیں۔ ہم جانتے ہیں کہ وہاں صرف اُن جواہرات کے لئے جگہ ہے جو محُبت؛ رحم، بھلائی اور حلیمی کا رنگ رکھتے ہوں۔ اے روحِ پاک ایسے بہت سے جواہرات جمع کرنے میں ہماری مدد کر! عطا کر کہ اِس زمین پر ہماری محنت اِسی کے لئے ہو۔

**19 جون          ہفتہ          مقدس روموالا دو، راہب**

**2 قرنتھیوں 12:1–10     زبور 33     متی 6:24–34**

**مرکزی آیت: کل کا دن اپنی فکر آپ ہی کر لے گا۔   متی 6:34**

یسوع مسیح، اچھے باپ کی طرح ہر روز مجھے ہاتھ سے پکڑ کر مجھے زندگی دیتا ہے۔ تو مجھے تحفے کے طور پر اپنی محبت کی علامت عطا کرتا ہے جس سے میں تقویت پاتا ہوں۔ تو مجھے اپنی محبت کے ذریعے ہر روز میرے پاؤں پر مجھے کھڑا رکھتا ہے، تو مجھے ایک کام سونپ دیتا ہے جس کے ذریعہ میں تیری اور اپنے بھائیوں کی خدمت کرتا ہوں، اور تو مجھے ایسا کرنے کی طاقت دیتا ہے۔ تو میرا باپ ہے، اور میں تیرا بیٹا ہوں۔ اے خداوند تیرا شکر ہو!

**20 جون          اتوار**

**ایوب 38:1، 8–11     زبور 106     2 قرنتھیوں 5:14–17     مرقس 4:35–41**

**مرکزی آیت: خاموش ہو ساکت ہو!   مرقس 4:39**

ے یسوع، تیری آواز سمندر کی گرج کو پُرسکون کرتی ہے، وہ ہواؤں کے غضب کو خاموش کرتی ہے۔ تیری آواز دِل کو بھی سکون بخشتی ہے اور جو دل تُجھ پر غور کرتا ہے وہ لُطف اُٹھاتا ہے، ان ستاروں سے جنہیں تو رات میں جگاتا ہے، ان پھولوں سے جو تو میدان میں کِھلاتا ہے، اُس ہوا سے جو اُسے زندگی دیتی ہے اور تعجب کر کے کہتا ہے تیرا ہی نام خُداوند ہے!

**21 جون سوموار مقدس الوشیس گنزاگا**

**تکوین 12:1-9 زبور 32 متی 7:1-5**

**مرکزی آیت: جس پیمانے سے تم ناپتے ہو اسی سے تمہارے واسطے ناپا جائے گا۔ متی 7:2**

اے یسوع، تو نے مجھے ایک انمول تحفہ عطا کیا: میری جوانی میں ہی تُو نے مجھے اپنے چند شاگردوں سے ملنے کا شرف بخشا۔ ان کے چہرے پُرسکون، اور پُر رحم تھے۔ انہوں نے مجھے سکھایا کہ میں سخت نہ ہوں اور عیب نہ لگاؤں۔ انہوں نے مجھے باپ کے رحم سے حاصل ہونے والی خُوشی کا مزہ چکھایا اور میری حوصلہ افزائی کی کہ میں بھی ایک آلہ بنوں جو باپ کے رحم کی خُوشی دوسروں میں بانٹے۔ اے خُداوند میری دُعا ہے کہ تُو ہمیشہ مجھے ایک کشادہ اور حلیم دِل عطا کر۔

**22 جون۔ منگل نولا کا مقدس پولینس جان فشر مقدس تھامس مور**

**تکوین 12:1-9 زبور 32 متی 7:6، 12-14**

**مرکزی آیت: تنگ دروازہ سے داخل ہو۔ متی 7;13**

یسوع، تو ہم سے آسان زندگی کا وعدہ نہیں کرتا۔ اکثر تیرے ساتھ متحد رہنے کے لئے ہمیں مشکلات کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ تاہم تو ہمیں ہر طرح کی مدد فراہم کرتا ہے جس کی ہمیں ضرورت ہوتی ہے۔ اپنی کلیسیا میں تو ہمیں اپنا بدن، اپنا کلام، اپنی مغفرت پیش کرتا ہے۔ تو ہمیں کاہن دیتا ہے جو ہماری رہنمائی کرتے تعلیم دیتے اور ہماری اصلاح کرتے ہیں۔ اور ایسے بھائی عطا کرتا ہے جو ہمارے معاون ہوتے ہیں۔ اے یسوع میں تیرا شکر گزار رہوں، تو واحد ہے جو ہمیں دھوکہ نہیں دیتا، کیونکہ تو حقیقتاً محبت کرتا ہے!

**23 جون بدھ**

**تکوین 15:1-12، 17-18 زبور 104 متی 7:15-20**

**مرکزی آیت: ان کے پھلوں سے تم انہیں پہچان لوگے۔ متی 7:20**

ہمارے آس پاس بہت سے حاکم ، اور پیشکش ہمارے سامنے ہوتی ہیں جو کہ ہماری خیریت، امن، تندرستی کا وعدہ کرتی ہیں۔ یسوع تو ہمیں حقیقی فہم اور سمجھداری عطا کرتا ہے: جہاں روح القدس کے پھل پائے جاتے ہیں–محبت، خوشی، امن، صبر، فلاح، نیکی، خلوص، نرمی، خود پر قابو– وہ پھل جو تیرے ساتھ اور تیری صلیب سے پیدا ہوئے ہیں، صرف وہاں ہی ہم دائمی اور بھرپور زندگی اور حقیقی امن وسکون پا سکیں۔

کِتنے ربی، کتنی تجاویز، ہمیں گھیرے ہوئے ہیں! وہ سب کے سب ہم سے بھلائی، امن اور شفا کا وعدہ کرتے ہیں۔ اے یسوع تو ہمیں ایک حقیقی شعور عطا کرتا ہے ایسا شعور جہاں روح القدس کے پھل: مُحبت، خُوشی، امن، صبر، بھلائی، نیکی، وفاداری، اور خُود انکاری فروغ پاتے ہیں یہ پھل تیرے ساتھ متحد رہنے اور تیری صلیب سے پیدا ہوتے ہیں۔ اس طرح ہم دائمی زندگی اور حقیقی امن حاصل کر سکتے ہیں۔

**24 جون جمعرات مقدس یوحنا اصطباغی کی ولادت**

**اشعیا 49:1-6 زبور 138 رسولوں کے اعمال 13:22-26 لوقا 1:57-56، 80**

**مرکزی آیت: خداوند نے اس پر بڑی رحمت کی۔ لوقا 1:58**

الیصبات میں جو کہ بوڑھی اور بانجھ تھی خُداوند کی رحمت فاتح ہوئی۔ خُدا نے اُسے سب سے بڑے نبی کی ماں کا درجہ دِیا، اس نبی کی جس نے خُدا کے برّے کی طرف اشارہ کیا۔ ہم میں بھی بہت دفعہ باپ کی رحمت فاتح ہوئی جب اُس نے ہمیں کسی کے جرم کو معاف کرنے کی قوت بخشی، جب خدمت میں اس نے ہمیں صبر، اور مقدس جنگ میں ہمیں خُوشی عطا کی۔ اے یسوع، تیرے پیشرو کے ہمراہ آج ہم بھی تیری تعریف کرتے اور تیرا شکر بجالاتے ہیں!

**25 جون جمعہ**

**تکوین 17:1، 9-10، 15-22 زبور 127 متی 8:1-4**

**مرکزی آیت: خبردار کسی سے نہ کہنا۔ متی 8:4**

یسوع نے کوڑھی کو حکم دیا جو تندرست ہو چکا تھا۔شاید اس نے اسے چھو لیا تھا،اور وہ ناپاک سمجھے جانے سے بچنا چاہتا تھا۔ یا شاید یہ وہ چیز ہے جو ہمارے لئے سب سے زیادہ غالب یا ممکنہ معلوم ہوتی ہے، وہ کسی بھی طرح کی تشہیر سے گریز کرنا چاہتا تھا جو کچھ یسوع ہمارے لئے کرتا ہے وہ ہمیشہ،صرف اور صرف محبت اور رحمت کا ایک عمل ہوتا ہے۔

**26 جون ہفتہ مقدس وِجلیو**

**تکوین** 18:1-15 **زبور (لوقا** 1:46-55) **متی** 8:5 - 17

**مرکزی آیت: یسوع نے اُس سے کہا۔میں آ کر اُسے اچھا کروں گا۔ متی 8:7**

آج کی انجیلِ مقدس میں یسوع صُوبہ دار کے غلام اور پطرس کی ساس کو شفا دیتے ہیں۔اگر ہم بھی پُختہ ایمان اور حلیمی و عاجزی سے دُعا کریں تو خُدا ہماری ضرور سُنتا ہے اور ہمیں روحانی اور جسمانی شفا بخشتا ہے۔اے یسوع جس طرح تُو نے صُوبہ دار کے غلام اور پطرس کی ساس کو شفا دی تمام دنیا کو کرونا جیسی مہلک وبا سے پاک کر۔

**27 جون اتوار اسکندریہ کا مقدس سرل۔**

**حکمت** 1:13-15،2:23-24 **زبور** 29 **2 قرنتھیوں** 8:7۔9,13-15 **مرقس** 5:21-43

**مرکزی آیت: بیٹی، تیرے ایمان نے تجھے خلاصی دی۔ مرقس 5:34**

وہ غریب عورت جسم اور روح کی تکلیف میں مُبتلا طبیبوں سے علاج کروانے کے باوجود اپنے آپ کو پہلے سے بھی بدتر حالت میں پاتے ہوئے پاک روح سے چھوئی جاتی ہے۔اے یسوع، اُس کی طرح میں بھی تیرے پاس آتا ہوں، پاک یوخرست کی قربانی میں شرکت کرتا اور تیرے نئے حُکم کے مطابق جیتا ہوں۔ایک بیٹیا اور بیٹی کی طرح مجھے چاہے جانے اور پیار کرنے کا احساس ہوتا ہے۔

**28 جون سوموار مقدس اریِنس**

**تکوین** 18:16-33 **زبور** 102 **متی** 8:18-22

**مرکزی آیت: اے استاد، جہاں کہیں تو جائے گا میں تیرے پیچھے چلوں گا۔ متی 8:19**

اے یسوع، میں بھی تجھ سے یہ الفاظ کہنا چاہتا ہوں! تاہم میں خوفزدہ ہوں، کیونکہ میں جانتا ہوں کہ تو ہمیشہ باپ کی اطاعت کی راہ پر چلتا ہے، جو سب سے پیار کرتا ہے... اور میں خود کو بہت خودغرض پاتا ہوں۔لہٰذا میں تُجھ سے یہ کہوں گا، اے یسوع تو میری مدد کرتا کہ میں ہمیشہ تیری پیروی کر سکوں۔ کیونکہ میرا بھروسہ صرف تُجھ پر ہے۔

**29 جون منگل مقدس پطرس اور مقدس پولوس رسول**

**رسولوں کے اعمال** 12:1۔11 **زبور** 33 **2 تیمتاوس** 4:6-8،17-18 **متی** 16:13-19

**مرکزی آیت: تو المسیح ہے زندہ خدا کا بیٹا"۔مقدس متی۔16:16**

اے یسوع تُو نے اپنے شاگردوں سے پوچھا تھا ''میں تُمہارے لئے کون ہوں؟''۔آج میں بھی پطرس جو کہ رسولوں میں سے پہلا تھا اور پولوس جو کہ غیر قوموں کا رسول تھا، کی طرح تُجھے جواب دینا چاہوں گا، لیکن صرف الفاظ سے نہیں بلکہ روح القدس کی مدد سے اپنی ساری زندگی سے تُجھے کہنا چاہتا ہوں کہ اے یسوع میرے لئے سب کُچھ تُو ہی ہے!

**30 جون بدھ روم کی کلیسیا کے پہلے شہدا**

**تکوین** 21:5۔8۔20 **زبور** 33 **متی** 8:28-34

**مرکزی آیت: تیری نسل اِسحاق سے کہلائے گی۔ تکوین 21:12**

اس کلام سے خدا اپنے دوست ابراہیم کو خوش کرتا ہے۔ وہ اپنی بیوی سارہ کی خواہش پر رنجیدہ ہوا کہ وہ اُسے اُس کے بیٹے اسمائیل سے جو لونڈی سے پیدا ہوا تھا الگ کر دینا چاہے گی۔ اور پھر سارہ کے اشارے کو قبول کرتے ہوئے ہی اس کے سامنے خود کو عاجز بناتے ہوئے ابراہیم خداوند کے ساتھ اُس کے مُحبت اور نجات کے منصوبے کو پایہء تکمیل تک پہنچانے میں تعاون کرے گا۔